پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای-میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون: 0502 2266 22 91 فیکس: 91 22 22660358

30 جون، 2016

ریزرو بینک کے کچھ مخصوص دفاتر میں یکم/جولائی 2016 سے 2005 سے پہلے کے بینک نوٹ تبدیل کئے جائیں گے

ریزرو بینک نے یہ مشاہدہ کیا ہے کہ 2005 سے پہلے کے بینک نوٹ کافی مقدار میں سرکلیشن سے واپس آگئے ہیں پھربھی انکی تھوڑی مقدار سرکلیشن میں ہے اس پر نظر ثانی کرتے ہوئے ریزروبینک نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ یکم جولائی 2016 سے 2005 سے پہلے کے بینک نوٹوں کو تبدیل کرنے کی سہولت ریزروبینک کے مندرجہ ذیل دفتر میں فراہم کی جائیں۔

احمد آباد، بنگلورو، بیلا پور، بھوپال، بھونیشور، چنڈیگڑھ، چنئی، گوہاٹی، حیدرآباد، جے پور، جموں، کانپور، کولکاتہ، لکھنؤ، ممبئی، ناگپور، نئی دہلی، پٹنہ، تھیرو ونتھپورم اور کوچی۔

ریزروبینک نے دسمبر 2015 میں عوام سے 2005 سے پہلے کے بینک نوٹوں کو کچھ مخصوص بینک برانچوں اور ریزروبینک کے "اشو" آفسوں میں بدلنے کیلئے آخری تاریخ 30 جون 2016 رکھی تھی۔

ریزروبینک نے اس بات کی بھی وضاحت کی تھی 2005 سے پہلے کے بینک نوٹ لیگل ٹینڈر رہنے رہیں گے۔

ریزروبینک نے کہا ہے بین الاقوامی پریکٹس کے معیار پر کھرا اترنے کیلئے، ایک وقت میں طرح طرح کی سیریز کے بینک نوٹوں کو سرکلیشن میں نہیں رہنا چاہیے یہ قدم اٹھایا گیا ہے۔

لہذا عوام سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ ہمیں اپنا تعاون دیں اس لئے عوام کی سہولت کیلئے ریزروبینک کے مندرجہ بالا دفتروں میں 2005 سے پہلے کے بینک نوٹوں کو تبدیل کرنے کا موقع فراہم کیا گیا ہے۔ ریزروبینک اس بات کی نگرانی کرتا رہے گا کہ عوام کو کوئی پریشانی نہ ہو۔

پریس ریلیز 3051/2015-2016

الپنا کلّہ والا
پرنسپل ایڈوائزر

متعلقہ پریس ریلیز / نوٹیفکیشن	
11 فروری 2016	2005 سے پہلے کے سبھی سیریز کے بینک نوٹوں کی واپسی (ودھ ڈرال)
23 دسمبر 2015	2005 سے پہلے کے بینک نوٹ 30 جون 2016 تک تبدیل کئے جاسکتے ہیں۔
25 جون 2015	ریزروبینک نے 2005 سیریز سے پہلے کے بینک نوٹوں کی تبدیلی کی تاریخ میں توسیع کی
23 دسمبر 2014	2005 سے پہلے کے بینک نوٹ اپنے بینک کھاتوں میں 30 جون 2005 تک جمع کریں۔
3 مارچ 2014	ریزروبینک نے 2005 سے پہلے کے بینک کوٹوں کی تبدیلی کی تاریخ میں یکم جنوری 2015 تک توسیع کی
24 جنوری 2014	2005 سے پہلے کے بینک نوٹوں کی واپسی۔ ریزروبینک کی وضاحت
22 جنوری 2016	2005 سے پہلے کے بینک نوٹوں کو واپس لیا گیا (ودھ ڈران)۔ آر بی آئی ایڈوائزری